NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

عزیز اہلِ خانہ،

میں یہ موقع اپنے ان طلباء کے لیے ہماری حمایت کی مکرر تصدیق کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہوں جو LGBTQ+ کے طور پر اپنی شناخت کراتے ہیں۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز میں ہم تمام طلباء کے لیے ایک محفوظ اور معاونتی ماحول قائم رکھنے کے لیے پُرعزم ہیں —ایسا ماحول جو تعصب، ایذا رسانی، دھمکانے اور غنڈا گردی سے مبرا ہو۔ جیسا کہ میں نے حال ہی میں ہونے والی ساتویں جینڈر اینڈ سیکچوئلیٹی الائنس (GSA) سمٹ میں شرکت کرنے والے 1,000 سے زیادہ طلباء اور عملے کے ساتھ اشتراک کیا تھا، نیو یارک شہر پبلک اسکولز میں ہم آپکی موجودگی سے آگاہ ہیں، آپکی معاونت کرتے ہیں، اور آپکی قدر کرتے ہیں۔

ہماری پالیسیاں بدستور لاگو ہیں، درحقیقت، ہم نے حالیہ سالوں میں انکو مزید مضبوط کیا ہے، بشمول جنسی مشمولیت کے بارے میں ہمارے رہنما خطوط کی تجدید کے۔ آپ ان رہنما خطوط کا بشمول دیگر LGBTQ+ معاونتوں کے schools.nyc.gov/LGBTQ اور schools.nyc.gov/GenderGuidelines پر جائزہ لے سکتے ہیں۔

مجھے فخر ہے کہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز میں، ہمارے پاس ان طلباء کی معاونت کے لیے اور ہمارے اسکولوں میں نمائندگی اور مشمولیت کو بڑھانے کے لیے بہترین نصاب، وسائل، اور پروگرامز ہیں جو بطور LGBTQ+ کے شناخت کرواتے ہیں۔ اس میں ہمارے GSA طلباء کلبز اور ہڈن وائسز نصابی سلسلے شامل ہیں جو ان LGBTQ+ افراد کو نمایاں کرتے ہیں جنھوں نے ہمارے شہر، ملک اور دنیا پر اثر ڈالا ہے۔ اسکے علاوہ، ہمارے اسکول میں قائم ذہنی صحت کلینکس، ہماری برادری پر مبنی تنظیموں کے ساتھ شراکت، اور ہمارے اسکول مشیران اور سماجی کارکنان کے ذریعے، ہر طالب علم کو ذہنی صحت کی معاونت تک رسائی حاصل ہے۔ میں آپکی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ مزید جاننے کے لیے ہماری نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی ویب سائٹ (schools.nyc.gov) پر جائیں اور برائے مہربانی سوالات کے لیے LGBTQ@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

بطور چانسلر میری ذمہ داریوں میں سے ایک ہمارے طلبا اور ہماری اسکول برادریوں کے تحفظ اور بہبود کو یقینی بنانا ہے— خاص طور پر ہر بچے کی جسمانی اور جذباتی تحفظ کو۔ ہمارے اسکولوں میں محفوظ اور مشمولاتی ماحول کو برقرار رکھنے میں مدد کے لیے میں آپکا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

T-38294 (Urdu)